سوال

(327) عیدین میں دوخطبے دینا !

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا عیدین کے جمعہ کی طرح دوخطبے ہیں یعنی خطیب ایک خطبہ کھڑا ہو کر دے پھر بیٹھ جائے پھر کھڑا ہو کر دوسرا خطبہ دے یا کہ ایک ہی خطبہ ہے یعنی درمیان میں بیٹھا نہیں جائے گا نیز جو علماء عید کے خطبہ کو جمعہ کے خطبہ پر قیاس کرتے ہیں ان کے قیاس کی کیا حیثیت ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عیدین کا ایک خطبہ تو رسول اللہ ﷺ کی احادیث مبارکہ سے ثابت ہے البتہ عیدین کے لیے دو خطبے رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں دو خطبے والی کوئی ایک روایت بھی درجہ احتجاج وقبول تک نہیں پہنچتی ۔ رہا عدمیں خطبہ عیدین کو خطبہ جمعہ پر قیاس کرنا تو اس کی شرعاً کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 250

محدث فتویٰ